از فضل خالق بیمانی وہ مضمون منشی کہ فیض بخش نسخہ

جناب فیض مآب فضیلت دستگاہ مولوی حکیم شیخ عبد العزیز صاحب دریابادی اسسٹنٹ پروفیسر زبان عربی و فارسی کیننگ کالج لکھنؤ نے حسب اجازت و ایماء فرمی قدر والا شان مسٹر جے ہوائٹ ایم اے صاحب پرنسپل کالج مذکور فارسی کورس فرسٹ ارٹ یونیورسٹی کلکتہ کے

شرح رقعات بیدل

شرح اردو نہایت تحقیق اور توضیح سے عام فہم عبارت مین تحریر فرما کر حق تصنیف اسکا محمد شفیع بہادر مالک مطبع انوار محمدی کو عطا فرمایا کوئی صاحب اسکے چھاپنے کا قصد نکرین نفع کی طمع مین نقصان نہ اوٹھائین جسقدر نسخے مطلوب ہون طلب فرمائین

بلکھنؤ منشی محمد شفیع بہادر مطبع انوار محمدی مطبع گردید

مقام انداز قصد۔ قیاس۔ اندازہ خط شعاع کو کنارہ عرض و عمق او بعین نہین ہوتا ہے
لکتا۔ لکھا ہوا نفس سوختن دم چڑھنا رنج و محنت کی کثرت سے۔

ترکیب (عجز مراتب حمد و ثنا) مبتدا (تسلیم) ثابت (بارگاہ صمدی کہ) بارگاہ صمد مرکب
اضافی موصول (ی) موصول (کہ) حرف صلہ (طاہرا) متعلق موجود یا ثابت خبر محذوف کا
اور رابطی ہے (در معرکہ آغاز بیانش) ظرف (از نقطہ) متعلق (سپر انداختن) مبتدا
(ہست) حرف رابطہ جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا (و) حرف عطف (سخن ہا) متعلق
خبر محذوف (در جولانگاہ اندازہ حمدش) ظرف (از خط) متعلق (با نفس سوختہ بر نگشتن)
مبتدا یہ دونون جملی باعتبار حرف عطف کے صلہ ہوئی موصول صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا مضاف
مضاف الیہ ملکر خبر ہوا (ہست) حرف ربط محذوف مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

حاصل مراتب حمد و ثنا کا عجز ایسے بے نیاز کی بارگاہ سے کہ ظاہر ہے کہ جسکے شروع بیان مین
قلم ایک نقطے کے لکھنے سے عاجز ہو اور سخن ایسے کہ حمد کے قصد و اندازے مین خط و دم کشی سے
عاجز ہے یعنے خداوند تعالی کی حمد اور تعریف مین قلم اور سخن دونون بالکل عاجز و مجبور ہین
جو پیرایہ تحریر مین لا سکتا ہو نہ قالب تقریر مین بیان کر سکتا ہے۔ معرکہ۔ نقطہ۔ سپر۔ سخن
جولانگاہ۔ خط ... کا اجتماع خالی از رعایت و لطف نہین و نیاز تحائف صلوٰۃ نذر

نیایش گاہ ہے کی انجمن ساز وجود ہے جا بشمع افروزی حسن ملال کی پروانہ آئینہ داران حقیقت
اوست و چمن طراز ظہور ہے کی چنین دلی ہو کی نفس ہا انداز حیات دبیران حسرت و درود

الفاظ نیاز بالکسر حاجت و دعا تحائف جمع تحفہ صلوٰۃ بمعنی دعا۔ آمرزش چاہنا۔ نذر
بالفتح بیان پیمان بستن کسی چیز مباح کا کسی کے لیے واجب کر لینا۔ نیایش ہے اسکی بہ جہ
جناب بالفتح۔ درگاہ و آستانہ شاہ معشوق۔ گواہ نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انجمن
مجلس (انجمن ساز وجود) یعنی خداوند تعالی وجود حقیقی۔ مطلوب کا پانا شمع افروختن۔
موم۔ اصطلاح فقرا مین پرتو انوار الٰہی سے اشارہ ہے کہ عارف کے دل مین وارد ہو۔ لیکون ہیم

مشہور ہے (بشمع افروزی حسن کمال می پردازد) یعنی کمال حسن ظہور می آرد کمال بمعنی تمام
وتمام شدن۔ پرداختن کے کئی معنی ہیں۔ توجہ کرنا۔ باجا بجانا اور راگ گانا۔ فارغ ہونا
اٹھانا اور رفع کرنا۔ خالی کرنا آئینہ دار۔ ملازم وخادم وظاہر کنندہ شہود بالضم۔ حاضر
ہونے والے۔ گواہ۔ مقامات فقرا سے عبور کرکے مقام حضوری خاص میں حاضر ہونا۔
چمن طراز ظہور خالق عالم غنچہ راہوی نفس رسانیدن شگفتہ کردن غنچہ وزندہ نمودن
خمیازہ انگڑائی۔ اعضا کا کھنچنا بسبب کسل وماندگی کے۔ مرکب ہے (خم) اور (باز) بمعنی
کشادگی ہر دو دست خمیازہ پیرایان یعنی خواہشمندان وکسلمندان۔ حسرت بکسر بمعنی
فوت شدہ پر رنج کھانا اور سخت پشیمانی درود از اللہ تعالی بمعنی رحمت۔ از ملائکہ بمعنی
استغفار۔ از مومنان بمعنی دعا۔ از بہائم وطیور بمعنی تسبیح۔
ترکیب (دو نیاز تحائف صلوۃ) بترکیب اضافی مبتدا (نذر جناب شاہدی) بترکیب
اضافی موصوف (کہ) توصیفی (انجمن ساز وجود) فاعل (ہرجا) ظرف بمعنی شرط (بشمع
افروزی حسن کمال) متعلق (می پردازد) فعل یہ جملہ فعلیہ شرط ہے۔ (از آئینہ داران
پرتو شہوداو) متعلق ثابت یا موجود خبر محذوف کا (او) ضمیر محذوف راجع بطرف شمع
مبتدا یہ جملہ اسمیہ جزا ہے شرط کی شرط جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف علیہ ہوا (او) عاطفہ
(چمن طراز ظہور) فاعل (ہرجا) ظرف بمعنی شرط (غنچہ دلی) بیائی تنکیر مرکب اضافی مفعول
(راہوی نفس) متعلق (میرساند) فعل۔ یہ جملہ شرط ہوا (از خمیازہ پیرایان حسرت درود او) خبر اور
مبتدا اسکا (او) ضمیر ہو راجع طرف غنچہ دلی کے جو محذوف ہے یہ جملہ اسمیہ جزا ہے پس جملہ شرطیہ معطوف
معطوف علیہ معطوف سے ملکر صفت ہوئی موصوف صفت سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔
حاصل تحائف صلوۃ کے آرزو اور دعا ایسے شاہد کی درگاہ کے نذر ہیں کہ مخلوقات الٰہی کے
جملہ حسن کمال اوسیکے شہود اور ظہور کے آئینہ دار اور مظہر ہیں اور خالق عالم جس کسی
غنچہ دل کو شگفتہ کرتا ہے وہ جس کسی کو زندہ اور پیدا کرتا ہے وہ اوسیکی اور اسکے درود کی

حسرت رکھتا ہی اور خواہشمند ہی اما بعد بیدل مجبور کہ در محیط دلہای گوہر منزل مشت خاشاکش

غبار نشین ساحل فراموشی ست و محرومی کف بیدست و پا آوارہ گرد حلم بیرون جوشی باوجود

شکستہ دلی چون موج ہمہ تن زبان ثناست و بالکمال حیرت نگاہی چون حباب سراپا دست دعا

الفاظ بیدل مصنف کا تخلص ہی اور نام الکا مرزا عبدالقادر تھا مجبور بالفتح جبرا دور ماندہ (جبر) اسکا مادہ ہی محیط بالضم گھیرنے والا۔ چونکہ زمین کو سمندر گھیرے ہی اسلیے سمندر کو بھی محیط کہتے ہین منزل بفتح اول و کسر سوم مقام و جای فرود آمدن۔ مادہ اسکا (نزل) ہی مشت بالضم شئی قلیل سے کنایہ ہی۔ خاشاک کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھونس کہ گرد مین آمیختہ ہون۔ غبار بالضم گرد (غبار نشین) کنایہ انکسار اور بیمقداری سے ہی۔ ساحل دریا کا کنارہ۔ محرومی بیای مصدری۔ بے نصیب بدبخت کف سرپوش۔ چھپن۔ میان دست و پا یعنی ہتھیلی۔ بیدست و پا۔ عاجز و مجبور آوارہ اسکے کئی معنی ہین پراگندہ و پریشان خراب و ویران ستم و ظلم براہ جو نعل سے سوراخ کرنے کیوقت گرتا ہی۔ موج لہر اور پانی کی حرکت۔ حیرت تعجب ایک حال پر رہجانا۔ نگاہی بیای مصدری حباب بلبلہ۔

ترکیب (اما بعد) ظرف (بیدل مجبور) بترکیب توصیفی موصوف (کہ) مبین صفت (در محیط دلہای گوہر منزل) ظرف (مشت خاشاکش) مبتدا (غبار نشین ساحل فراموشی) بترکیب اضافی معطوف علیہ (و) حرف عطف (آوارہ گرد حلم بیرون جوشی) بترکیب اضافی معطوف۔ معطوف علیہ معطوف سے ملکر صفت (محرومی کف بیدست و پا) متعلق صفت موصوف صفت سے ملکر مشبہ ہوا (چون) حرف تشبیہ (موج) مشبہ بہ۔ مشبہ اور مشبہ بہ ملکر مبتدا (ہمہ تن) تاکید ہی مشبہ کی (زبان ثناست) خبر مع حرف ربط (باوجود شکستہ دلی) متعلق۔ اسیطرح (چون) حرف تشبیہ (حباب) مشبہ بہ (سراپا) تاکید (دست دعا) خبر (بالکمال حیرت نگاہی) متعلق۔ مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا۔

حاصل مواصلات کی مایوسی اس نوحے کے ساتھ اور حسرت کا داغ اس ندامت کے ساتھ شعلہ افشانی کرتا ہی۔ نوحے سے مضمون شعر اول مراد ہی اور ندامت سے شعر ثانی کا مضمون

قطعہ
شبنمی از چشمۂ خورشید دور افتادہ را ✤ تا نفس دارد نظر بر شک باید دوختن ✤
شاخ از گلبن جدا هر جا مژہ وا میکند ✤ در نظر چیزی ندارد جز کف خاکستر دوختن ✤

الفاظ شبنمی یای توحیدی۔ نظر دوختن ٹکٹکی لگانا کسیکی طرف برابر دیکھتے رہنا۔ گلبن پھول کا درخت مژہ پلک۔

حاصل قطرۂ شبنم کو جو چشمۂ خورشید سے دور ہی جب تک کہ اوسکے دم مین دم ہی بصورت اشک رہنا چاہیے۔ جو شاخ کہ درخت سے جدا کی گئی ہو وہ جہان آنکھ کھولتی ہی اوسکی نظر مین سوای خاکستر کے اور کچھ نظر نہین آتا۔ بیدل اپنا نوحہ و حال زار بیان کرتا ہی کہ مہاجرت محبوب مین تا مرگ مجھے رونا اور آتش فراق مین جلنا چاہیے جیسے کہ شبنم کا جبتک وجود ہی آنسو کی شکل بسبب فراق چشمۂ خورشید کی بنی رہتی ہی اور پھولدار درخت کی شاخ کا انجام خاکستر ہو جانے کے سوا اور کیا ہی عرض مطالب کہ ابتذال دیوان سوم وا

بمطالعۂ زمان مواصلت واگذاشت کدورت شبہای انتظار بطلوع صبح حضور رفع باد۔

الفاظ ابتذال بالکسر صرف کرنا نگاہ رکھنا۔ دیوان کچہری واہل حاسبہ وغیرہ جمع اسکے دواوین

حاصل مین نے مطالب کا اظہار کہ شیوہ اور عمل در آمد ارباب سوم واہل ظاہر کا ہی ملاقات پر موقوف رکھا کدورت انتظار کی حصول حضوری و مواصلت سے رفع ہو۔ یہ فقرہ دعائیہ ہی۔

ارسال طلسم حیرت بنواب شکر اللہ خان

الفاظ طلسم بکسرتین حکمت ساختن در چیزی۔ وہ خیالات جو بشکل عجیب نظر آتے ہین وہ صورت مہیب جو خزانے پر بنا دیتے ہین طلسم حیرت نام ہی کتاب مثنوی کا جسکو میرزا بیدل نے تصنیف کیا تھا۔ برآئینہ معنی بنای حقیقت اگر ان بپوشید

عالم ظہور است پیچ گوہرے بقیمت اشیا زفائدہ گشت تا منظور نظرها

و ہیچ اعتبارے کیفیت ابرو حاصل نگردد تا بہ نشاء قبول معتبری نرسید

الفاظ چارسو بازار اور چوراہا گوہری بیای تنکیری برای تاکید و مبالغہ منظور نظر محبوب پسندیدہ صاحب نظر عیب و ہنر کا خوب جاننے والا اعتبار وقعت و اعتماد۔

ترکیب در آئنہ معنی نما حقیقت آگاہان متعلق این امر با این مضمون مبین محذوف (کہ) بیانیہ در فقرات بندہ بیان مبین و بیان ملکر مبتدا (پوشیدہ نیست) خبر۔

حاصل واقفان حقیقت کے دلہائے روشن پر واضح ہو کہ دنیا مین کوئی عمدہ چیز عزت نہین پاتی جب تک کہ کسی جوہر شناس کی پسند نہین ہوتی اور کوئی اچھی شئے ممتاز نہین ہوتی جب تک کہ معتمد اور معتبر لوگ اوسے قبول نہین کرتے۔ چارسو۔ گوہر۔ قیمت۔ صاحب نظر۔ کالا نا خالی لطف سے نہین

درین روزگار جمعی کہ از طراوت رنگ الفاظ نظر را آب مید ہند لوح تمیز یکقلم از درک معنی شستہ اند و گروہی کہ بہوس فہم معانی کوس تردماغی میزنند رنگینی نہال عبارات جہلا و رنظر انصاف شان نرستہ۔

الفاظ طراوت بفتح تازگی (طری) بتشدید یا۔ تازہ نظر را آب دادن شئے مطبوع و پسندیدہ کو دیکھنا لوح تختہ یکقلم بالکل و سراسر درک بالفتح دریافت کوس بالضم واو مجہول بڑا نقارہ (کوس زدن) شہرت گرفتن۔ دعوی نمودن۔ کوچ کردن۔ تردماغی۔ کنایہ ہے بے فکری۔ خوش گوئی زود فہمی سے نہال بالکسر درخت نو۔ جہلا بالفتح یقیناً قطعاً جہلا کے آخر مین الف وقف کے لیے ہے۔ عبارات۔ جمع (عبارت) بالکسر معنی بیان کرنا اور تعبیر دینا خواب کا۔

حاصل جو لوگ حسن عبارت جانتے ہین وہ بلاغت و خوبی معانی سے آگاہ نہین اور جو معنی فہمی کا دعوی رکھتے ہین وہ فصاحت الفاظ سے بے خبر ہین بیدل یقید

معنی زمزمہ ایست محتجب از نہو ہم عبارت سازی مشتملہ نغمات نا مفہوم۔

الفاظ زمزمہ آواز نرم و نغمہ محتجب پوشیدہ و چھپا ہوا۔ مادہ اسکا (حجب) ہے

موہوم وہمی۔ خیال۔ فرضی۔ سازی یائی وحدت تنکیری مشتمل بالضم شامل و ملا ہوا۔ مادہ اسکا (شمل) ہے نغمات جمع نغمہ بمعنی آواز نرم و ملائم و راگ۔

ترکیب (برین تقدیر) متعلق (معنی) مبتدا (زمزمہ) موصوف (متحجب) صفت۔ موصوف صفت ملکر مضاف (ساز موہوم) بترکیب توصیفی مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ ملکر خبر (ایست) علامت خبر۔

حاصل ایسی حالت و صورت مین معنی کو وہمی باجے کی مخفی آواز جاننا چاہیے اور عبارت کو ایک ساز سمجھنا چاہیے جسکے راگ مفہوم نہون۔ زمزمہ متحجب ساز موہوم مین کمال مبالغہ ہے۔

قطعہ بسکہ نقصان با مزاج خلق دارد ارتباط ؛ از کمال جامعیت عالمی بیگانہ ماندہ ؛
مست باطن معنی اندیشید بے آثار لفظ ؛ محو ظاہر لفظ و بد و حرفی از معنی نخواندہ ؛

الفاظ مزاج بالکسر۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے ملنا۔ وہ کیفیت کہ چند چیزون کے ملنے سے حاصل ہو وہ سرشت اور طبیعت کہ عناصر کے امتزاج سے پیدا ہو۔ خلق بالفتح پیدا کی ہوئی ساختن آفریدہ شدہ۔ آفریدگان۔ بمعنی مخلوق۔ ارتباط بالکسر بمعنی مادہ اسکا (ربط) ہو جامعیت (یت) مصدری ہمہ دانی سب کا ماہر ہونا۔ عالمی یائی تعظیمی باطن اندرون چیز کی پوشیدہ وپنہان۔ باری تعالی کے اسماء سے ایک نام ہے محو ظاہر ظاہر بین و غافل ہو دینی و باطنی امور سے

ترکیب (بس) بمعنی بسیار اور بہان بمعنی چونکہ موصول (کہ) حرف جملہ اسکے مابعد کا جملہ صلہ۔ صلہ موصول سے ملکر مبتدا بمعنی شرط۔ مصرعہ ثانی جملہ ہو کر خبر بمعنی جزا (مست باطن) فاعل (معنی) مفعول (اندیشید) فعل (بے آثار لفظ) متعلق بسب ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔ مصرعہ دوم کی ترکیب بھی اسی طرح سے ہے۔

حاصل مزاج خلق سے نقصان اسقدر ملا ہوا ہے کہ جامعیت اور ہمہ دانی تو باقی ہی نہین ہے جو لائق مضامین کے ہین وہ معنی سمجھے اور پیدا کرتے ہین لیکن الفاظ فصیح و ملیح ان معانی کے مقابلے مین استعمال نہین کر سکتے ہین اور جو الفاظ فصیح کے استعمال پر قادر ہین وہ معنی کے ایک حرف سے

بھی آگاہ نہین - بہر صورت دونون مین ایک ایک طرحکا نقصان موجود ہی جامعیت کا
مضمون نہین ہی لاجرم طلسم حیرت بیدل عمریست کہ غبار آتش پیچ و تاب دقت معنی واخزیده
ومضامین پنہان در غبار الفاظ نفس شوخی دزدیده -

الفاظ لاجرم یہ لفظ عربی ناچار ضرور کے معنی مین ہی تاکید کا فائده دیتا ہی - مرکب ہی
(لا) نافیہ اور (جرم) بالفتح سی بمعنی سزاوار شدن - کسب کردن - بریدن - گرفتن -
جب تک کسی مقصود کا وجوب یا استحسان ثابت نہ کرلین تب تک یہ کلمہ لاجرم کا بولا نہین
جاتا ہی پیچ بالضم - گوشہ - چرس وشکنج کہ کپڑے وغیرہ مین پڑجاتی ہی - دقت بتشدید قاف -
باریک - کوفتن - پیچیدہ کہ نقرا پہنتے ہین - واخزیده (وا) زائد ہی فصاحت کے لیے - خزیدن
گھسنا - نیچے جانا -

ترکیب (طلسم حیرت بیدل) مرکب اضافی مبتدا (عمریست) بجای عمری گذشتہ است
جملہ فعلیہ مین (کہ) بیانیہ (غبار آتش) مرکب اضافی فاعل (پیچ دقت معانی) متعلق فعل
(واخزیده) فعل - لفظ (وا) زائد ہی تحسین کلام کے لیے استعمال کیا جاتا ہی - یہ جملہ فعلیہ بیان
اپنے مبین کے ساتھ ملکر خبر ہوا - دوسرا جملہ بھی اسیطرح خبر ہی اوسی مبتدا کی -

حاصل بیدل کی کتاب طلسم حیرت کی عبارت بہت فصیح و بلیغ ہی اور مضامین اوسکے
نہایت نفیس و لطیف ہین مگر زمانہ دراز سے بسبب نایابی اہل کمال کے کہ عبارت
ومضامین سے مذاق رکھتے ہون اوسکی عبارت گوشۂ دقت معنی مین اور ایسے ہی
مضامین کی شوخی اور لطافت اوسکے الفاظ مین مخفی اور پوشیده ہی اگر کوئی اہل کمال
اور ذی لیاقت ملتا تو اوسکی فصاحت و بلاغت کی قدر کرتا در معنی گوہر بستانہ

غفلت اصحاب تمیز در شکنج عقدۂ بے اعتباری و آئینۂ از بے بصیرتی ارباب نظر
کلفت اندوز نفس شماری -

الفاظ غفلت کسی چیز سے بیخبر ہونا - اصحاب تمیز دانشمند - شکنج پیچ و شکن - عقده

بالضم گرہ ۔ اور جمع اسکی عقود ہی بے بصیرتی ۔ بیای مصدری ۔ اندھاپن کم فہمی ارباب بالفتح ۔ رب کی جمع ہی یعنی خداوند پروردگار و مراد صاحب یعنی یاران (ارباب نظر صاحب تمیز و قدردان کلفت بالضم ۔ رنج مصیبت ۔ دشواری نفس شماری جانکندنی و حالت نزع ۔ گریبان آئینہ کا اندھا ہونا مقصود ہی کیونکہ نفس سے آئینہ اندھا ہو جاتا ہی ۔
ترکیب (و معنی) جار مجرور متعلق بہ تنہا محذوف (طلسم حیرت) کا (گوہر بیست) خبر (از غفلت صاحب تمیز) متعلق (در شکنج عقدہ بے اعتباری) ظرف (و آئینہ) کا عطف گوہر بیست پر ہی اور حرف ربط (ایست) یہان سے محذوف ہی ۔
حاصل حقیقت مین طلسم حیرت بمنزلہ گوہر کے ہی کہ غفلت و ناقدردانی صاحبان مستعداد و غیر معتبر اور بے اعتبار ہو رہا ہی اور بمنزلہ آئینہ کے ہی کہ ارباب نظر کے اندھے پن یا نافہمی سے بیکار اور اندھا ہو رہا ہی بفریاد این بے زبان حیرت بیان مگر ترحم آن حق شناس لفظ و معنی توجہی فرماید و بہروی این شکستہ بال عجز آشیان التفات آن قبلہ شکستگان در شہرت و انمایند ۔
الفاظ این بے زبان ۔ این شکستہ بال یعنی طلسم حیرت آن حق شناس لفظ و معنی ۔ آن قبلہ شکستگان یعنی شکر اللہ خان و بشہرت وانمودن مشہور کردن آشیان آرام کا مقام ۔ چڑیونکا گھونسلا ۔ آشیانہ بھی کہتے ہین ۔
حاصل طلسم حیرت کی ابتری اور بیقدری کا تو یہ حال ہی ہان شاید آپ اسکی فریاد سُنین اور آپکے التفات سے اوسے کسی قسم کا اعتبار اور شہرت حاصل ہو ہرچند دیدہ حسرت نگاہ را مطلع دیدار سعادت انوار بہ پرتو ظاہری نہ نواختہ است اما گوش صماخ ہوش بتذکر صفات قدسی آیات در حمات چشم بر داشتہ ۔
الفاظ دیدہ حسرت نگاہ یعنی دیدہ بیدل ۔ مطلع بالفتح ۔ جای طلوع و ظہور سے دیدار سعادت انوار سے شکر اللہ خان مراد ہین نواختن سرفراز کردن محامد ستایش ہا خصلتہای نیک ہوش امر ہے نیوشیدن کا یعنی شنیدن نوا آنہ لگاتار پے در پے آیات جمع آیت

نشانی - جماعتی از حرفہای قرآن قدس بالضم وضمتین - پاکی و پاک شدن - ملک نجد میں ایک بڑے پہاڑ کا نام ہی - ایک شہر بھی ہے --- مہمات بالضم وکسر دوم جمع (مہم) بالضم بڑا اور دشوار کام کام ضروری -

حاصل اگرچہ میرے آنکھ کو آپکے مطلع دیدار یعنی لقای مبارک سے ظاہری روشنی سے سرفراز نہیں کیا مگر کانون نے آپکے صفات پاکیزہ کی استماع سے آنکھون کا کام کیا ہی یعنی جو امر کہ آپکی زیارت و ملاقات سے حاصل ہوتا وہ مجھے آپکی صفات و محامد کے استماع سے حاصل ہے

از انجا کہ سایۂ اخلاق آن مہربان پناہ معنی پناہان بی بضاعت ست و ہن عاطفت آن قدردان دستگاہ حقائق دستگاہان بی استطاعت حیف معنی کہ از طبع اقبال اثر منشور قبول نگیرد و افسوس عبارتیکہ از زبان حق ترجمان ہمینت اشتہار نہ پذیرد -

الفاظ اخلاق بالفتح خوبی ہا خصلت ہای خوش وعادتہای خوب - جمع ہے (خلق) بالضم کی معنی پناہان سخنوران و شاعران بضاعت مایہ و پونجی عاطفت مہربانی حقائق دستگاہان حقیقت شناسان و دانشمندان استطاعت قدرت و طاقت حیف جور و ظلم کرنا - افسوس منشور فرمان ترجمان ترجمہ کرنے والا ہمینت مبارکبادی -

حاصل چونکہ آپکے اخلاق کا سایہ سخنوران محتاج و بے بضاعت کے پناہ کا سبب ہوا اور آپکی عاطفت کا دامن دانشمندان بے استطاعت و بیقدرکی دستگاہ اور قوت کا باعث ہے اسلئے ان معانی پر افسوس ہے کہ آپکے طبع عالی کی مقبول ہوئیں اور اس عبارت پر حیف ہے کہ آپکی زبان سے مشہور نہون یعنی جو معنی یا عبارت کہ آپکی نظر سے نگذرے اور مطبوع خاطر نہوا سپر نہایت افسوس ہے نیاز نامۂ ملتجی باین تمنا آرزومند دولت حضور ست و بذوق تحصیل این سعادت مشتاق مطالعہ سراپا سرور -

الفاظ ملتجی التجا اور آرزو کرنے والا - (لجی) مادہ ہے این تمنا اور این سعادت یعنی قبول اور مشتہر ہونا بالضم حیرت کا -

حاصل میرا خط آپکی حضوری کا آرزومند اور آپکے مطالعہ اور ملاحظہ سراپا سرور کا خواہشمند ہی غرض اور امید سے ہو بیت شاد باش ای دل کہ آخر عقدہ ات وا میشود قطرۂ ما میرسد جائیکہ دریا میشود

الفاظ عقدہ وا شدن مشکل آسان ہونا۔ مقصد بر آنا۔ قطرۂ ما یعنی کتاب طلسم حیرت۔ جائیکہ دریا میشود یعنی حضوری نواب شکر اللہ خان۔

حاصل ای دل خوش ہو کہ تیری مشکل اب آسان ہوتی ہی اور کتاب طلسم حیرت (جو محض حقیقت اور ناچیز ہی۔ یا۔ جسے ہمنے بڑی عرق ریزی اور مشقت سے لکھا ہی) ایک بڑی دریا دل قدردان کی خدمت مین پہنچتی ہی شکستگیہای غبار خط زبان معذرت خاکساری ست و پیچیدگی ہا طومار بیان آئینہ دار عجز بیمقداری۔

الفاظ غبار خط یعنی خط معذرت عذر کرنا طومار بیان یعنی بیان آئینہ دار مثل آئینہ اور اگر دار بدال مہملہ پڑہین تو ظاہر کنندہ اور خدمتگار کے معنی لینگے

حاصل خط کی شکستگیان معذرت خاکساری کی زبان ہین یعنی ہماری خاکساری اوسے ظاہر ہوتی ہی پیچیدگیان عجز بیمقداری کی آئینہ دار و ظاہر کنندہ ہین یا بیان کی پیچیدگیان مثل آئینہ کے عجز بیمقداری ہین۔ یعنی ان دونون سے خاکساری اور بیمقداری بیدل کی ظاہر ہوتی ہی خط غبار ایک قسم کا خط بھی ہی جیسے خط گلزار خط نسخ خط نستعلیق خط توام وغیرہ ہمہ کہ در ہمہ اوقات منتظم زمرۂ اہل دعا ایند اند و در جمیع احوال منسلک فرقۂ خیرخواہان شمارند۔

الفاظ منتظم پرویا ہوا۔ شامل۔ زمرہ گروہ و جماعت منسلک پرویا ہوا فرقہ گروہ و جماعت

حاصل مجھے امید ہی کہ آپ ہر وقت اور ہر حال مین مجھے اپنے دعاگویوں و خیرخواہون میں تصور فرمائینگے

جواب مکتوب میرزا ایزد بخش رسا

نشاء باد آورہای بیدلان رسا و در سیاہہای الطاف بے انتہا۔

الفاظ نشاء مستی و کیفیت رسا کامل پورا۔ بلند۔ پیمانہ اسم فاعل قیاسی ہی (زرس) از رسیدن بمعنی پہنچنا مرکب ہی پیمانہ یعنی کا ظرف جو مستقر شراب کا پیالہ

ترکیب نشاء یاد آوری‌های بیدلان اسم (رسا) خبر۔ باد فعل ناقص یہان سے محذوف ہی یہ جملہ فعلیہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ وقس علی ہذا۔

حاصل بیدلون کی یاد آوری کا نشا پورا اور روز افزون ہو اور جام الطاف کا دورہ بے انتہا اور برابر چلا جائے یعنے ہمکو آپ ہمیشہ یاد رکھین اور ہمپر آپکی عنایت والطاف ہمیشہ ہوا کرے۔ لفظ (رسا) مین صنعت ایہام ہی کیونکہ مکتوب الیہ کا تخلص رسا تھا۔ اور نشاء بیدلان۔ رسا۔ دور۔ پیانہ۔ مین رعایت لفظی ہی۔ خوشا طریق عالم اشفاق کہ اگر دوستان

ہمہ مژدہ بر روی ہم کشایند بہزار زبان شاہد و استودن اند و ہر چند لبی بپرسش یکدیگر تحریک دہند مستعدی دفتر ہا را اخلاق کشودن۔

الفاظ خوشا میں الف کثرت و مبالغہ کا ہی۔ مژہ پلک مژہ بر روی ہم کشادن ایک دوسرے کو دیکھنا شاہد گواہ۔ دیکھنے والا معشوق واستودن تعریف کرنا (وا) تحسین کلام کے لیے زائد ہی مستعدی پیشکار و سبقت کنندہ۔

حاصل آپکی عالم اشفاق کی عجب کیفیت ہی کہ اگر احباب ہمہ تن دیدہ ہو کے باہم ملاقات کرتے ہین ہزار زبان سے آپکی تعریف و مدح کے شاہد ہوتے ہین اور جسقدر باہم احوال پرسی کرتے ہین آپکے دفتر اخلاق کے کھولنے پر مستعد رہتے ہین یعنی آپکی مدح اور اخلاق کے سوا اور کوئی کلمہ زبان پر نہین لاتے خاصہ شفقتے کہ بواسطہ زبان خامہ وستگاہ دلہا رگیرد و برابطہ سواد نامہ وسعت التفات پذیرد۔

الفاظ رابطہ ذریعہ و وسیلہ۔ مادہ اسکا (ربط) ہی جمع اسکی (روابط) سواد سیاہی وسیاہی ان وسعت کشادگی۔

حاصل خصوصاً وہ شفقت و مہربانی کہ آپکی تحریر کے ذریعے سے ظاہر ہو۔ خاصہ کا لفظ جو مفید تخصیص بعد تعمیم ہی تعظیم اور ترجیح کا فائدہ دیتا ہی مصنف نے اس مقام پر خط و کتابت کو ملاقات پر ترجیح دی ہی۔ وجہ ترجیح کی یہ ہو سکتی ہی کہ خط و کتابت مخصوص مخاطب کی یاد آوری کا

موقوف ہو اور غائب کی یادآوری سے وسعت اخلاق وحسن اشفاق وکمال اخلاص ثابت ہوتا ہے

مصرع یاد ناکردی حضور حق فراموشت مباد۔

حاصل اے مخاطب تو نے ہماری یاد کی خدا کا حضور تیرے دل سے کبھی فراموش نہو یعنی ہر وقت تجھے یاد رہے کہ خداوند تعالی حاضر و ناظر موجود ہے مصنف نے اس ایک مصرعہ میں کمال فصاحت و بلاغت سے دو امر اہم ثابت کیے ہیں اول نفی شبہہ یعنی (یاد ناکردی) سے شبہہ ہوتا تھا کہ جب مخلوق و اغیار کیطرف ممدوح کا دل متوجہ ہوا تو خدا کی طرف سے کچھ سہو و غفلت ضرور ہوگی پس (فراموشت مباد) سے وہ شبہہ رفع ہوگیا کہ ہماری یاد کے ساتھ یاد الہی سے بھی اوسکو غفلت نتھی دوسری اثبات اجر یعنی تو نے مجھے یاد کیا ہے اسکا عوض خدا یہ عطا کرے کہ تو یاد خدا کو نہ بھولے۔ اور اپنی نسبت کلمہ (یاد) اور خدا کیطرف (فراموش مباد) کہنے میں بھی یہی نکتہ ہے یعنی یاد الہی کے لیے یہ ضرور نہیں کہ کسی زمانے میں فراموش ہو اور فراموش نہ کرنا دلیل قطعی ہے کہ پہلے سے یاد تھا اور آئندہ کے لیے یاد رہنے کی دعا دیتا ہے یعنی ایجاد معنی یا آنکہ شوخیہای مصرعہ اثرین

غزل چون موج گوہر در آغوش ہم پیداست طوفان نمودست اما حسن مطلع فی الحقیقت گوہری بعرض آورده کہ با صفائیش محیط را در غبار ساحل نشستن ست و جوہر معنی نشان داده کہ پرتو شوخیش آفتاب را احرام داغ تحسین بستن۔

الفاظ معنی ایجاد معنی کا پیدا کرنیوالا منشی و شاعر نازک خیال مکتوب سے مراد ہے در آغوش ہم در آغوش ہمدگر پیداست کا ہر صفت یعنی سراپا و تمام تن حسن مطلع وہ شعر جو کہ مطلع کے بعد واقع ہو عرض آوردن ظاہر کردن و پیش نمودن محیط سمندر در غبار ساحل نشستن گرد آلود ہونا احرام بالکسر نیت حج کی کرنا اور بعض امور حلال کا اپنے اوپر حرام کرلینا۔

حاصل میرزا ایزد بخش نے کوئی غزل میرزا بیدل کے پاس بھیجی ہوگی اوسکی تعریف میں

اور اوسیکے حسن مطلع کو نہایت پسند فرماتے ہین۔ ہر چند اوس غزل کے ہر مصرعہ مین شوخیان سراسر اور بالکل طوفان نمود اور مثل طوفان کے ظاہر و آشکارا ہین لیکن اوسکے حسن مطلع نے ایسے گوہر معنی کو عیان کیا ہی اور ایسا لطیف مضمون اوس سے پیدا ہی کہ اوسکی صفائی اور آب و تاب کے مقابلے مین دریای محیط گرد ہی اور اوسنے ایسے جوہر معنی کی راہ بتائی ہی اور سراغ دیا ہی کہ اوسکے پرتو شوخی سے آفتاب حیرت زدہ اور افسردہ ہو رہا ہی یعنی اس غزل کا ہر ایک مصرعہ بہت ہی شوخ اور لطیف مگر حسن مطلع اوسکا نہایت ہی پر مضمون اور الطف ہی۔ (دوسا غوشش ہم) کو متعلق موج گوہر کے کرین یا طوفان نمودست کا متعلق کہین آرزوی مشتاق را پیوستہ منتظر این قسم عواطف شمارند

الفاظ مشتاق اپنی طرف اشارہ ہی عواطف جمع عطوفت بمعنی مہربانی۔

حاصل آپ میری آرزو و تمنا کو ہمیشہ اسطرح کی عنایات کا منتظر تصور کرین۔ یعنی آپ ایسے عنایات ہمیشہ مجھپر فرمایا کرین و شوق آرزو کیش را حیرت انتظار ہمین جنس مراہم انگارند

الفاظ کیش مذہب و طریقہ حیرت انتظار یعنی حیرت کہ انتظار مین ہوتی ہی جنس قسم مراہم جمع مرحمت

حاصل میرے شوق کو آپ ایسے ہی مراحم کے انتظار کی حیرت خیال فرمائین۔

جواب مکتوب عاقلخان

قطعہ لبہ عنایت کلک معانی آراست اگر کردہ دیدہ ما را بہ نور جان روشن ❊ بنامہ قابل فیض کرامتم امروز ❊ سواد معنی اقبال بیدلان روشن ❊

الفاظ لبہ کلمہ تحسین عنایت کلک قلم کی عنایت یعنی خط معانی آرای بیای صلہ تعظیمی منشی و سخنور عالی مرتبہ بنور جان روشن کردن زندہ کرنا قابل قبول کنندہ سواد سیاہی اور وہ نقطہ کہ وسط مین ہی روشن کے بعد مصرعہ ثانی مین حرف رابطہ (است) یا فعل ناقص باد محذوف ہی

حاصل کیا خوب آپکی تحریر اور عنایت نامہ ہی جسکے دیکھنے سے ہماری آنکھین روشن ہوگئین و بدن مین جان آگئی۔ آپکے خط کی وجہ سے آج مجھے بزرگی حاصل ہی اور اوسیکی وجہ سے بیدلون کا

اقبال ترقی پر ہے — اس صورت مین دو ہ عطلت مصرعہ ثانی کا اول محذوف ہوگا — اور اگر
اس مصرعہ ثانی کو علیحدہ دعائیہ پڑہین اور (باد ہ) فعل ناقص محذوف کرین ہو سکتا ہے
صنعت کلک — معانی — سواد — معنی — مین تناسب ہے اور سواد — روشن — مین تضاد ہے

پس ز ادای سجدات لوازم عبودیت سجدۂ شکری دیگر کہ طلسم حیرت بتوجہ خانصاحب معنی

مناصب مشحون کیفیات اقبال گردید و باین عنوان نسبتی بپایۂ منظوری آن قبلۂ ارباب حقائق رسانید

الفاظ عبودیت غلامی و بندگی خانصاحب شکر اللہ خان ہون یا کوئی دوسرے صاحب جنہون نے
کتاب طلسم حیرت عاقلخان کی پاس بہیجی ہو اور سفارش کی ہو مناصب مراتب جمع منصب
مشحون سرنامہ کردہ شدہ اقبال بمعنی قبول عنوان طریقہ و طرز آن قبلۂ ارباب حقائق سے عاقلخان مراد ہین

حاصل جو سجدے کہ غلامی کے لوازمات سے ہین اونکے ادا کرنے اور بجا لانے کے بعد ایک اور
سجدہ شکر کا بجا لاتا ہون کہ کتاب طلسم حیرت خانصاحب کی توجہ سے مقبول ہوئی اور اسی
قبولیت کی وجہ سے آپنے بہی اوسے قبول فرمایا فیض اندوز معنی کہ طبع تجلی شہود مش پسندد
وسعادت عنوان کلامی کہ بتحسین زبان حق ترجمان پیوندد —

الفاظ تجلی جلوہ و روشنی شہود ظہور تحسین تعریف و توصیف و عمدگی —

حاصل فیض اندوز وہی معنی ہین کہ آپکی طبیعت اوسکو پسند فرماوے اور سعادت
عنوان وہی کلام ہے کہ اوسکی تحسین آپکی زبان پر جاری ہو — یعنی طلسم حیرت کے خوشا
نصیب کہ آپکی مطبوع نظر ہوئی اور آپکے ملاحظے مین آئی — از حیرت اگرچہ منفعل
گردیدم ٭ و ز شوخی اظہار خجل گردیدم ٭ صد سجدۂ شکر کہ بر دنامہ ام رنگ قبول ٭ بیدل
بودم ہزار دل گردیدم ٭ —

الفاظ رنگ قبول بردن مقبول ہونا ہزار دل گردیدن خوشی دل وصاحب قوت ہونا

حاصل مین خط لکہنے اور کتاب پیش کرنے اور گستاخی اظہار بیان اشتیاق سے اگرچہ
شرمندہ اور خجل ہوا کہ ناحق آپکا تکلف ہوا مگر صد شکر کہ میری عرض مقبول ہوئی پہلے بیدل

اور شکستہ خاطر تھا کہ دیکھئے عرض میری قبول ہوتی ہے یا نہیں اور طلسم حیرت اعزاز و عیار
باقی ہے یا نہیں مگر اب تسکین و تقویت قلبی حاصل ہوئی بیت بیت و غزل ہمہ گل باغ ثنائے
تست موزونی کلام دو عالم دعائے تست ؂

حاصل بیت ہو خواہ غزل سب تیرے باغ ثنا کے پھول ہیں اور ستائش تیری ہی تعریف ظاہر
ہوتی ہے اور دونوں عالم کے کلام کی موزونی تیری دعا ہے یعنی جس کلام میں تیری دعا نہیں
وہ کلام موزون و مطبوع خاطر نہیں اور کلام کی موزونی اور اسکا مطبوع ہونا تیری دعا پر
موقوف اور منحصر ہے حضوری حق کہ مطالعہ دائمی ست از شبہات منزہ باد۔

الفاظ حضوری بمعنی حاضر شدن اور یائی مصدری ایمین نہ ہے اسلئے کہ حضور خود
مصدر ہے دائمی ہمیشگی شبہات خطرات و شکوک منزہ پاک۔

حاصل حضوری کہ وہ ہمیشہ اور ہر وقت اسکو حاصل ہے شکوک و خطرات سے پاک ہے یہ فقرہ دعائیہ ہے

بنواب شکر اللہ خان

ای دیده بحیرت زده سرمست چه جائی | ای ناله خموش سر و برگ چه کلامی
عمریست که از شور جهانت خبری نیست | ای گوش ز خود رفته شوق چه پیامی
در سینه هم از سینه بری چه جنون ست | ای دل به طپش رفته آخر به که رامی
ای حیرت وامانده کجا سیر وی امروز | نقش قدمی وا شده اکنون چه گامی
مکتوب من آئینه احرام نگاهی ست | ای خامه بپای مژه باید بخرامی

الفاظ چه استفهام بمعنی کدام یعنی جائی و کلامی و پیامی و رامی و گامی کے آخر میں یائی
مخاطب ہے یعنی کدام جا ہستی سر و برگ سامان بہ طپش رفتہ متحرک و مضطرب از خود رفتہ
بیہوش بیقرار رام مطیع و فرمانبردار وامانده عاجز گام قدم احرام قبل حج کے چند چیزوں کا
اپنے اوپر حرام کر لینا اور قصد اور نیت۔ نگاہ بپای مژہ لفظی۔

حاصل یہ رقعہ انشائیہ ہے اور یہ اشعار اوسکی تمہید ہیں یہ قاعدہ ہے کہ جس طرف

مشغولی ہوتی ہی تو اعضا اپنے اپنے افعال خاصہ سے معزول ہو جاتے ہین لہذا مصنف کہتا ہی
ای دیدۂ متحیر تو کسکا مست تماشا ہی اور لذت یافتہ ہی اور ای نالۂ تو کس کلام کے سامان مین خموش
ہی یعنی کسکا تجھے انتظار اور کسکی طرف تیری ٹکٹکی لگی ہوئی ہی اور ای نالۂ تو کسکی محبت کا
دم بھرتا ہی اور کس ستم کی فریاد کیا چاہتا ہی اور ای گوش تو کسکے پیام کے شوق مین ایسا
مستغرق اور خود رفتہ ہی کہ ادراک سے تجھے جہان کے شور و شر سے کچھ بھی خبر نہین ہی
ای دل بیتاب رفتہ تجھے یہ کیا جنون اور سودا ہی کہ بظاہر تو میرے سینے مین ہی مگر حقیقت
مین سینے سے باہر ہی اور میرے قابو مین نہین ہی پس یہ تو بتا کہ تو کسکا مطیع اور فرمانبردار ہی
ای جیب تو کہان بڑھتی جاتی ہی ابتدا مین تو تو نقش قدم تھی اور اب ہمہ تن
قدم ہو گئی ہی حیرت سے خطاب ہو کے کہتا ہی کہ تیری طغیانی اور زیادتی جو روز بروز بڑھتی
جاتی ہی اسکی کیا وجہ ہی میرا خط کسی نگاہ بزرگ کی حضوری کی نیت رکھتا ہی ای قلم تجھے
آنکھون کے بل چلنا چاہیے سر و پلک کو کہتے ہین بمناسبت قلم کے مناسب تر ہی تسلیم غائبانہ
سپیدلان منظور جناب حقیقت شہود باد و عجز و نیاز دور گردان جدائی از آستان قرب بنیاد
الفاظ شہود یعنی ظہور اور جناب حقیقت شہود سے مکتوب الیہ کی درگاہ مراد ہی دور
زمانہ گردان گردش کنندہ آستان قرب یعنی قرب۔
حاصل سپیدلون کی تسلیم غائبانہ آپکی جناب مین منظور ہو اور دور گردان کا عجز و نیاز
آپ سے کبھی جدا نہو اور زمانہ آپکے موافق رہے حرفے بتحریر نمی آید کہ کسوت خراش دلی
نپوشیدہ و صریرے از خامہ گل نمیکند کہ خروش حسرت دیدار نمی جوشید
الفاظ کسوت لباس پوشاک صریر یعنی معروف صریر یعنی آواز
آواز کہ قلم سے لکھنے کے وقت پیدا ہوتی ہی گل کردن ظاہر کردن جوشیدن جوش کردن
حاصل کوئی حرف ایسا لکھا نہین جاتا ہی کہ وہ خراش دلی کا لباس نہ پہنے ہوا اور قلم سے
کوئی آواز ایسی ظاہر نہین ہوتی ہی کہ اوس سے حسرت دیدار کا شور جوش نکرتا ہو یعنی

ہر حرف سے کیفیت اضطراب دل ظاہر ہے اور ہر تحریر سے حسرت دیدار مفہوم ہے۔

بیت بغفلت آن چنان دوریم از دوست * کہ تا اینجا رسد وصلش پیام ست *

حاصل یا تو کسی وقت اور کسی دم ہمکو ہمارے یار سے مفارقت ہوتی یا یہ حال ہے کہ اپنے دوست کی غفلت کیوجہ سے اپنے دوست سے ہم ایسے دور ہو گئے ہین کہ اوسکے وصال و ملاقات کا ہمکو متمنی ہونا اور پیام دینا پڑا دیدہ مشتاق را تا حصول سعادت دیدار بہر چہ مژگان کشاید خار در پیراہن شکستن ست و جبین نیاز را تا سجدۂ آستان حضور بہر چہ رو آورد در خاک بے آبروئے نشستن۔

الفاظ دیدہ را خار در پیراہن شکستن اندھا اور نابینا ہونا جبین پیشانی در خاک بے آبروئے نشستن ذلیل و خوار شدن۔

حاصل مجھہ مشتاق کا دیدہ جبتک کہ آپکے دیدار فیض آثار سے مشرف نہین ہوتا ہے تبتک اوسے کوئی چیز خوش نہین آتی اور میری جبین نیاز جبتک آپکے آستانے کی جبہہ سائی نہین کرتی ہے تبتک اوسے کسی طرح سے اعزاز و آبرو نہین ہے بحیرت نقش بستن سطور و الفاظ دلیلی ست برنا توانیہای قدرت بیان و بہ پیچیدگی پرداختن طومار مکاتیب شاہد نارسائیہای جرأت زبان۔

الفاظ طومار نامہ و صحیفہ و مکتوب و درانیجا جمع اوسکی طوامیر ہے مکاتیب جمع مکتوب شاہد گواہ

حاصل الفاظ و سطور کا متحیرانہ و بجیس و حرکت ہونا بیان اور تقریر کے عجز کی دلیل ہے اور پیچیدگی طومار و مکاتیب کے زبان کی قوت کی نارسائی پر شاہد اور گواہ ہے یعنی آپکے دیدار و آستانبوسی کے اشتیاق مین بیان و زبان دونون عاجز و قاصر ہین۔ یہ قاعدہ ہے کہ حیرت اور پیچیدگی عجز کے وقت مین ہوتی ہے واہب عطیات حضور و جمعیتی کہ اہم مطالب ست کرامت فرماید و چشم منتظران را بہ لمعات دیدار روشن نماید۔

الفاظ واہب بخشندہ عطیات جمع عطیہ اہم مشکل و عظیم تر لمعات جمع لمعہ چمک روشنی

حاصل خداوند کریم جمعیت حضوری و یکجائی کہ افضل اور بزرگ تر مطالب کا ہے عنایت

کرے اور منتظرون کی آنکھ کو اپنے دیدار کی روشنی سے روشن اور منور فرما دے

بنواب شکر اللہ خان

از تاءمل حضرت حضوران قدر بغیبت نپردازند کہ جہت نادادری توان کشید و از توجہ

بلعنی شہود بآن مرتبہ تغافل جائز ندارند کہ در رفع آن انفعال دوری باید کوشید

حاصل یہ رقعہ مکتوب الیہ کی شکایت فراموشی مین لکھا گیا ہی مگر ایسے حسن کنایات و بلاغت کے

ساتھ کہ شکایت مجبز نہو۔ فکر و اندیشہ درگاہ حضوری خدا مین ایسے محو و از خود رفتہ نہو جائیے

اور ہم لوگون سے اتنی غیبت اور چشم پوشی اختیار کیجیے کہ جب ہماری شکایت ہو تو آپکو شرمندہ

ہونا پڑے اور عالم مطالعہ معانی و مشاہدہ حق کی توجہ مین ہم لوگون سے ایسا تغافل اور غفلت

جائز نرکہین کہ وقت شکایت کے اوس انفعال کے رفع کرنیکی آپکو کوشش کرنا پڑے اور کچھ جواب

بن نہ آوے۔ اشتغال عالم کثرت یک قلم مصروف مشاہدہ وحدت شمارند و گیرودار انجمن

مجاز ہمراسنہ ظہور حقیقت انکار نہد

الفاظ اشتغال شغل کرنا عالم کثرت دنیا یکقلم بالکل و سرا سر مشاہدہ وحدت مطالعہ

و دید واحد حقیقی گیرودار انتظام و فرمانرہی و حکمرانی انجمن مجاز عالم ظاہر و دنیا۔

حاصل دنیا کے انتظام اور امور کو دیدار واحد حقیقی کا مخل نہ جاننا چاہیے بلکہ اسے بھی ایک

طور پر ذکر الٰہی تصور کرنا چاہیے کہ اوسکی قدرت اور صنائع کیجانب توجہ رہتی ہی انفاس عجز

اقتباس بیدلان مرہون مضامین دعاست و اوقات جمعیت مشتاقان مقسوم عبارات حمد و ثنا۔

الفاظ انفاس جمع نفس یعنی دم و سانس عجز اقتباس عاجزی چننے والا یعنی عاجز و ناچیز

مرہون رہن کردہ شدہ و گرو۔

حاصل ہما رے ہر نفس اور ہر دم سے آپکی دعا کے مضامین نکلتے ہین اور اوقات

جمعیت آپکی حمد و ثنا کی عبارت پر مقسوم ہین اور ہر وقت آپ ہی کی حمد و ثنا کیا کرتے ہین

بقیوم خان بن عاقل خان

مدتے بیدل بتحریر غبار دامن تامل بود تا بوسیلۂ کدام طاعت سر از جیب تسلیم بر آرد یا بواسطۂ چہ خدمت قدم بعرصۂ نیاز گذارد

الفاظ: غبار دامن تامل بتحریر بودن بہت متفکر و متامل ہونا طاعت بندگی و اطاعت تسلیم فرمان برداری کردن و سر فرو بردن و سلام کردن قدم بعرصۂ نیاز گذاردن آرزو و نیازمندی کرنا۔

حاصل: بیدل ایک مدت سے اس فکر و اندیشہ میں رہا کہ کس طاعت کے وسیلے سے اپنی شرمندگی مٹا دے یا ادائے تسلیم کرے اور کس خدمت کے ذریعے سے میدان نیاز میں قدم رکھے اور اپنی آرزو ظاہر کرے۔ و انفعال نارسائیہا بسامان عرق نپرداختہ کہ ترشحی از جبین تحریر توان شست و شرم ناتوانی بساط سرنگونی طرح ننمودہ کہ از خانۂ جرأت گردن افراز می توان جست۔

الفاظ: بسامان عرق پرداختن عرق آوردن جبین پیشانی طرح نمودن انداختن۔

حاصل: عدم حاضری و نارسائی کی وجہ سے ایسا انفعال مجھے حاصل نہیں ہوا کہ رفع اوسکا بذریعۂ تحریر کے کر سکوں اور ایسی سرنگونی مجھے نصیب نہیں ہوئی کہ قلم کے وسیلے سے اوسے رفع کر سکوں لطف تحریر یا سرنگونی قلم کا ظاہر ہو۔ آخر الامر ظاہر نمود کہ تحفۂ بے بضاعت ہمان سطرے چند است کہ تخم آرزو در زمین تحریر میکاشت و صورت آئینۂ نیازہا کہ بے اختیاری ہای شوق قبل ازین بعرض میداشت۔

الفاظ: آخر الامر آخر کار۔ ظاہر نمود ظاہر کرد۔ فاعل اسکا محذوف ہے یعنی قضا و قدر جو وہ فرشتے ہیں جو خداوند تعالی کی طرف سے دنیا کے معاملات چلانے پر مامور ہیں بضاعت مایہ و سرمایہ۔

حاصل: لیکن تامل و غور کے بعد قضا و قدر نے جو ہیں یہ امر ظاہر کیا کہ یہ بے بضاعتی و ناداری کا تحفہ یہی چند سطور ہیں کہ اوس سے آرزو در تحریر پیدا ہوا اور صورت آئینہ نیاز کی اپنے شوق کی [illegible] جس کو قبل اسکے بھی تحریر کیا کرتا تھا یعنی مدت سے اس [illegible] لکھتا

رہا جب کچھ بن نہ آئی تو پھر رسل و رسائل ہی کے وسیلے سے مقرر ہوا اور اس ذریعے کے سوا
کوئی اور ذریعہ معلوم نہیں ہوا الحمد اللہ الحمد از تہذیب اخلاقی کہ شایستۂ این خاندان کرم استان
انچہ میشنود گوش محامد نیوش ذخیرۂ سعادت می انبارد و از حسن اطواری کہ خاصۂ این سلسلۂ
جہان تسخیر ست ہرچہ بیشتر میرسد امید جمعیت و ید تصویر بیشتر ہم میدارد۔

الفاظ الحمد سب حمد و تعریف اللہ کے واسطے ہے شکر کے مقام پر بولتے ہیں تہذیب درستگی
آراستگی اخلاق عادات بالفتح جمع ہے خلق کی جسکے معنی عادت کے ہیں اور بالکسر مصدر ہے یعنی خلق کرنا
محامد نیوش تعریفوں کا سننے والا ذخیرہ ذخیرہ و انبار ہی انبارد صیغۂ حال انباشتن معنی
جمع کردن و انبار کردن جہان تسخیر اضافت مقلوب صفت ہے سلسلے کی۔

حاصل بعد عذر کے مطلب شروع کرتا ہے استماع جو کی درستگی اور اخلاق سے کہ آپکے
خاندان کرم آستان کے لائق اور شایان ہیں میرے کانوں کو سعادت حاصل ہوئی ہے اور سنے
خوبی اور اطوار اور طریقوں سے کہ آپکے خاندان کا خاصہ ہے میری امید کو برکت کا حصہ
حاصل ہوتا ہے یعنی آپکی تہذیب اخلاق اور حسن اطوار کے سننے سے مجھے نہایت سرور و بالیدگی
حاصل ہوتی ہے یاد شفقت ہای قدیم تجدید عشرت نفس شماری ست و تصور اخلاق عمیم
دام حسرت راحت شکاری۔

الفاظ عشرت عیش و آرام یا یعنی کیفیت نفس شماری جان کندنی و زندگانی حسرت راحت
شکاری وہ حسرت کہ راحت کو شکار و بے بس کر دے یا وہ حسرت کہ اوس سے نتیجہ عمدہ
اور راحت حاصل ہو۔

حاصل یہ فقرہ اشتیاقیہ ہے اور اظہار تمنای ملاقات کرتا ہے۔ آپکے اشفاق قدیم کی یاد جانکندنی
کی کیفیت کو تازہ کر دیتی ہے اور آپکے اخلاق عمیم کا تصور اوس حسرت کو کہ راحت کو شکار
اور زائل کرے کھینچ لاتا ہے یعنی جب آپکے اشفاق و اخلاق یاد آتے ہیں وہ فوراً تصور میں حسرت
بین ہم جیتے جی مر جاتے ہیں اور طرح طرح کے تاسف و تلہف ہمارے پیش نظر ہو جاتے ہیں

آپکے اشفاق قدیم کی یاد مین لطف زندگی حاصل ہوتا ہی اور آپکے اخلاق عمیم کے تصور مین
حسرت راحت انگیز کا مزہ آتا ہی ظاہر ہی کہ پچھلے امور کے خیال و تصور سے ایک سرور ہوتا ہی
اور اگر کوئی امر موذی یاد کیا جاسکے تو رنج تازہ ہو جاتا ہی و رہ مجلسیکہ سایہ افگند چراغش
باقتباس ہا تو آن ذات ضیا خرمن و مہر گلشنے کہ قدم گذارند نہالش از رنگینی فیض قدم بہار بدامن
الفاظ اقتباس نور چیدن ضیا خرمن ترکیب مقلوب قدم بفتحیتین و فتح دال مفرد یکسی جگہ سے
آنا قدم رکھنے کی جگہ اور قدم رکھنے کا وقت بہار بدامن نہایت سر سبز و شاداب لطف انگیز
حاصل جس جگہ آپ سایہ انداز ہون وہان کا چراغ آپکی ذات منور سے نور و ضیا کا خرمن
ہو جائے اور جس باغ مین آپ رونق افروز ہون وہان ہر ایک درخت آپکے تشریف آوری
خواہ آپکے قدم کے فیض سے ہمہ تن بہار و بہار بدامن ہو جائے دست دعا سیکہ از دور
می افرازد محروم قرین اجابت مباد و زبان ثنا ئیکہ از غیبت می آراید ناسموعی انجمن حضور مبیناد
الفاظ می افرازد و می آراید فاعل اسکا کاتب ہی۔
حاصل مجھ دور افتادہ کی دعا و ثنا جو غائبانہ آپکے حق مین کیا کرتا ہون مقبول و مقرون باجابت ہو

در تعزیت میر سیف اللہ بہ شکر اللہ خان

ابیات آه امروز از ورق گردانی رنگ ظہور نسخہ اسرار الفت یعنی نایاب شد
الفاظ ورق گردانی رنگ ظہور کنایہ ہی گردش و انقلاب زمانہ سے نسخہ اسرار الفت
کنایہ ہی سیف اللہ مرحوم سے یعنی نایاب باضافت بیانی یعنی نایاب شد۔
حاصل افسوس انقلاب زمانہ سے آج اسرار الفت کی کتاب نایاب ہو گئی یعنی میر سیف اللہ
ایسے دوست چل بسے در کنار دیدہ شوخی داشت غلطان گوہرے ناگہان چون اشک
از مژگان چکید و آب شد۔
الفاظ کنار آغوش دیدہ شوخی یعنی رونق و زیبائش غلطان گوہر دریکتا و نفیس یہان
مرحوم سے کنایہ ہو سکتا ہی آب شدن ضائع و نایاب شدن

حاصل مرحوم کے ماتم پیٹے و تاسف مین کہتا ہی کہ سید مرحوم جو ہمارا نور نظر تھا دفعتاً ہماری
نظر سے غائب ناپدید ہوگیا مرحوم کے غم مین ہم خون جگر اسقدر روئے کہ جو چیز باعث بصر تھی
وہ بھی مثل اشک کے باقی رہی اور ہم اندھے ہوگئے :: دیدۂ ما را چو شمع کشتہ باید گشت داغ ::
کان فروغ بینش اکنون در نظر یا خواب شد۔

حاصل ہمارے دیدہا کو مثل بجھی ہوئی شمع کے داغ اور اندھا ہو جانا چاہیے اسلیے کہ
جسکے سبب سے بینائی تھی یعنی میر سیف اللہ خان وہ نظر سے غائب گیا از عراۃ تحقیق پوشیدہ
نیست کہ آدمی جمیع اوقات و احوال حیرت زدہ کارگاہ اعتبار است۔

الفاظ مرات آئنہ کارگاہ اعتبار دنیا و عالم فانی۔

حاصل تعزیت مین دستور ہی کہ اولاً اظہار غم و الم ہوتا ہی بعد اوسکے صبر و شکیب کی فہمایش
چنانچہ مصنف نے اولاً اظہار رنج و غم کیا اور اب یہان سے صبر و شکیب کے لیے تمہید کرتا ہی۔
کہ اگر سچے طور پر دیکھا جائے تو ہر حال اور ہر وقت مین آدمی کا کوئی اختیار نہین دنیا کے
امور مین متحیر اور حیرت زدہ ہی اگر مژگان میکشاید عبرت اندوز شکست رنگہاست
و اگر چشم می پوشد داغ فرصت تماشا۔

الفاظ مژگان کشادن چشم کشادن شکست رنگہا مراد از انقلاب فنا داغ یعنی حسرت زدہ

حاصل آدمی اگر دنیا کے انقلابات دیکھے عبرت ہوتی ہی اور اگر آنکھ بند کرکے بیٹھ رہے اور
اوسکے حالات کو نہ دیکھے تو باوجود وقت و فرصت تماشے کے اپنی چشم پوشی پر حسرت زدہ
ہوتا ہی کہ اللہ نے ہمین چشم و گوش دیے ہین پھر کیون ہم اوسکی کیفیت کے دیکھنے سے محروم
ہین در مزرعۂ ندامت جز دانۂ اشک چہ باید کاشت و بر دوش شکستہ دل غیر از نالہ چہ میتوان برداشت

الفاظ مزرعہ کشت زار و جائے زراعت باید کاشت فعل بمعنی مصدر دوش
کندھا و شانہ شکستہ دل دل شکستہ

حاصل جب دنیا کی کیفیت یہ ہی تو سوا اشک ریزی او ر نالہ و زاری کے اور کیا ہو سکتا ہی

بہر صفت مجبوریم و در ہر صورت معذور۔

حاصل ہر صورت اور ہر طرح پر ہم مجبور و معذور ہین قطعہ بیدل تا محو گلشن نیرنگیم

گاہے گل و گاہ غنچۂ دل تنگیم ٭ گویند ز رنگہا برون باید بود ٭ دشوار حقیقتے کہ با ہم رنگیم

الفاظ گلشن نیرنگ عالم فانی و دنیا گویند کا فاعل گویندگان و مردمان و رو دنیا کے بہ معنی

باید بود بمعنی مصدر۔

حاصل اے بیدل جبسے ہم دنیا مین پیدا ہوئے اور اسمین محو ہوگئے ہین تب سے کبھی تو

شادان و فرحان مثل گل کے ہین اور کبھی مثل غنچے کے دلتنگ رنجیدہ و غمگین ہین یعنی کبھی

کسی حال مین و کبھی کسی کیفیت مین ایک حال پر قرار نہین۔ لوگ کہتے ہین کہ تارک الدنیا

ہونا چاہیئے اور رنگہائے عالم سے یکسوئی اختیار کرنا چاہیے تو یہ کیسے ہو سکتا ہی اگر یہ بھی کرین

کہ جملہ اسباب دنیا ہی کو ہم ترک کرین تو بھی اوسکے رنگون سے یکسوئی نہین ہو سکتی اسلیئے

کہ ہمارا وجود بھی تو اوسی دنیا کے رنگون مین سے ایک رنگ ہی پس جب تک ہمارا وجود ہی

اسکے رنگون سے جدا ہونا ممکن ہی نہین ٭ اسباب عالم اسباب کے تارک پر لفظ تارک الدنیا کا

صادق نہین آتا جب تک کہ اپنی خودی کا تارک ہو اور خودی کا ترک کرنا حقیقت مشکل ہی

کہ خود تارک اور خود متروک ہونا لازم آتا ہی اور یہ سوا عنایت الٰہی کے ممکن نہین طاقت

بشری سے بعید ہی بقول شاعر گفتی بت پندار شکستم رستم ٭ این بت کہ ز پندار شکستی باقیست

در جناب ہدایت انتسابے کہ دلہا مشوش منتظر ارشاد تسلی اند بعرض صبر و شکر پرداختن

آتش یاقوت را ضبط النفس فرمودن ست آب گوہر را طریق جمعیت و اطمینان وانمودن

الفاظ آتش یاقوت یاقوت کی چمک دمک ضبط النفس آتش کا ہراشتن شعلہ اور آگ کا اشتعال

نکرنا اور لپک نہ مارنا آب گوہر موتی کی آب و تاب وانمودن ظاہر کرنا و بتانا۔

حاصل آپکی جناب مین دلہائے پریشان آپکے رہنمائی تسلی اور صبر کے منتظر رہتے ہین

یعنی جبکہ حالت پریشانی و اضطراب مین مضطر اور مشوش آپکی تعلیم و ہدایت صبر و شکیب کے

مستظہر ہتے ہین پس مضامین صبر وشکر کے آپکی جناب مین عرض کرنا ایسا ہی جیسا کہ آتش یاقوت کو ضبط نفس تعلیم کرنا اور آب گوہر کو اطمینان وجمعیت سکہانا یعنی امر فضول اور بیکار ہی کیونکہ آتش یاقوت مین خود ہی اشتعال نہین اوسے کیا کوئی ضبط سکہائے گا اور آب گوہر مین خود ہی سیلاب اور انتشار نہین اوسے کیا کوئی جمعیت اور اجتماع بتاویگا یعنی آپ خود ہی بڑے صابر اور شاکر ہین پس صبر وشکر کے لیے عرض کرنا امر عبث اور لغو ہی گوہر گرامی اوقات

آن محیط تنزہ یارب در صد قرن کدورت نصیب اندیشہ بے آبی مبیناد

الفاظ محیط بالضم گہیرنے والا و احاطہ کنندہ چونکہ سمندر گرد عالم کے ہی لہذا اوسکو محیط کہتے ہین تنزہ بمعنی پاکیزگی قرن مدت وزمانہ اسکے زمانے کی تعین مین اختلاف ہی بعضے تیس برس بعضے اسی برس و بعضے ایک سو برس اور بعضے اسسے بھی کم و زیادہ کو ایک قرن کہتے ہین -

حاصل فقرۂ دعائیہ ہی اے پروردگار اوس محیط تنزہ یعنی مخاطب کے اوقات کی گوہر گرامی کو صدہا قرن تک بے آبی و بے رونقی کے اندیشے مین کدورت نصیب نہو یعنی آپکے زمانہ کی ترقی رہے اور بے رونقی کا گمان بہی وہان تک رسائی نپائے وحدیقۂ عمر فیاض آن بہار تقدس

بہزار فصل تغیر رنگ مبیناد -

الفاظ حدیقہ باغ فیاض فیض دہندہ تقدس پاک اور (آن بہار تقدس) یعنی مخاطب تغیر رنگ رنگ تغیر -

حاصل یہ فقرہ بہی دعائیہ ہی اے پروردگار مخاطب کے عمر کا باغ ہزاروں فصل تک متغیر و خزان رسیدہ نہو

بہ شکر اللہ خان در انتخاب اشعار نسخۂ الیشان

نگاہ تامل خرام ہنوز گلچین بہارستان معانی ست و فکر گریبان سپہران سرگرم نشاء تحقیق رسائی

الفاظ نگاہ تامل خرام بترکیب اضافی نظر غائر و باریک بین و معانی رس فکر گریبان سپہر بترکیب اضافی فکر رسا اور بڑے غور کرنے والے ہنوز کلمۂ انتہائیہ ہی جسکا اصل اسکی (ہم آن) ہی یہ کلمہ واسطے تشبیہ کسی حالت یا امر مذکورۂ بالا کے آتا ہی یا معنی حصر کے پیدا کرتا ہی

یعنی جو حالت کہ ابتدا مین تھی پایا ہوا امر کہ پہلے تھا ویسا ہی ہی اوسکے خلاف نہین سرگرم معنے

حاصل میری نظر تامل ابھی تک معانی کے باغ مین گلچینی کر رہی ہی اور جسطرح پیشتر
تحقیق کے آمادہ تھی اوسیطرح میری فکر فارغ تحقیق کے نتیجے مین سرمستی و مستعد ہی

بانتہای خیابان رنگینی ہا سری نکشیدہ ہست تا طومار شوق بعنوان نفس آرائی بہ سامند
و عنان رشتۂ تردد بہ پیچش تسلی باز گرداند۔

الفاظ خیابان کیاری تا بیانیہ ہی سر کشیدن سرفراز شدن عنان لگام۔

حاصل سطر مذکور کی خیابان رنگین کے انتہا تک مین ابھی نہین پہونچا ہون کہ دفتر شوق کو
نفس آرائی کے عنوان سے آراستہ کرون اور تردد کی لگام کو تسلی کی پیچش سے پھیرون
یعنی اوس کتاب کے مضامین رنگین کی وجہ سے ابھی تک ممکن نہوا کہ میرا شوق باز رہے اور
کار انتخاب سے مین ابھی تک فراغ حاصل کرون

اندیشہ یعنی پرواز آشیان بند اینجا ہوای
این گلشن ہست و تصور خیال پروانۂ شمع افروزان تماشای این انجمن۔

الفاظ آشیان بند مقید و سکونت پذیر شمع افروز محو و ہمہ تن مصروف۔

حاصل اندیشہ اس باغ کی ہوا مین منجملہ آشیان بندون کی ہی اور تصور اس انجمن کے
تماشا و سیر مین شمع افروزون کے زمرے سے ہی اور اسمین ہمہ تن مصروف اور محو ہی ہوا کے
معنی اگر خواہش کے لیے جائین تو مطلب ظاہر ہی کہ اندیشہ اس گلشن کی خواہش مین آشیانہ
باندھتا ہی اور اگر ہوا سے وہی ہوا یعنی باد مقصود ہو تو ایک کنایہ لطیف ظاہر ہوگا
یعنی اس باغ کی ہوا مین آشیانہ بندی کرتا ہی قاعدہ ہی کہ جب مضمون دقیق فہم مین نہین
آتا ہی تو اوسکے حل کرنے اور سمجھنے مین فکر کو خوض و تامل ہوتا ہی اور یہی خوض و تامل مشابہ
و مناسب آشیان کی ہی کیونکہ ابھی فکر کو اصل مطلب تک رسائی نہین ہوئی اور فقط اوسکے
متعلقات اور لوازمات پر نظر ہی اور اوسکے تردد مین مضطر رہتی ہی اور کسی امر خاص پر
قائم نہین ہوتی لہذا اوسکے مقامگاہ کو ہوا قرار دیا اسلیے کہ ہوا پر قیام و استقرار نہین ہوتا

اور ہمیشہ اضطرار رہتا ہی اس صورت مین مطلب یہ ہوا کہ فکر گویا وجود غور کامل و تفحص گویا وجود
صرف بلیغ کوشش کے ابھی تک حصول مقصود نصیب نہین ہوا اور اصل مطلب تک رسائی اور کسی امر
خاص پر قیام نہین ہوا- ان دونون فقرون مین کمال لطف سے وہ حالت بعینہ مذکور ہوئی ہی کہ
مطالعہ مضامین دقیقہ یا تکمیل فہم معانی مین اہل ذوق پر گذرتی ہی بہار امید غنچہ این نشست است
کہ بستہ بندی ربط معانی گل ترتیب این خدمت را متاع رنگ دست اخلاص نماید و مکتوب
حقائق اسلوب معارف مضمون بیواسطہ قاصد و پیام بنظر رافت اثر وا کشاید۔

الفاظ: دستہ بندی گڈی باندھنا گلدستہ بنانا ربط باندھنا و بندش ترتیب مرتب کرنا اور
درجہ بدرجہ رکھنا متاع روئی دست اخلاص نمودن اظہار خلوص و خلاص کردن متاع رنگ
دست کنایہ ہی اسباب عمدہ سے حقائق جمع حقیقت اسلوب طریقہ و لباس معارف شناخت
و پہچان اور مشہور اور اہل علم و صاحب فضل رافت مہربانی نماید کشاید کا فاعل ضمیر راجع بجانب
کاتب (حقائق اسلوب) اور (معارف مضمون) یہ دونون جملہ اسمیہ مکتوب کی صفت ہین
یعنی مکتوب کہ اسلوب او حقائق ست و مضمون او معارف ست امید کو بہار سے اور تمنا کو غنچے سے
مشابہت اسلیے دی ہی کہ امید اوس یقینی امر کو کہتے ہین جسکا وقوع اسکے ذہن مین راجح و غالب ہو
اور تمنا صرف اوسی چیز سے مراد ہی جسکی خواہش اوسکے دل مین ہی پس حالت امید سرور
و شگفتگی ہی لہذا بہار سے موافق ہوئی اور حالت تمنا حالت بستگی و تردد ہی لہذا غنچے سے مطابق ہوئی
حاصل میری امید اس تمنا کے غنچہ بکلی ہی کہ ربط معانی کتاب مذکور سے گلدستہ بندی کرکے
اپنی اس خدمت یعنی ارتباط معانی کو متاع اخلاص بنا دے یعنی اوس کتاب کے معانی کو باہم
ربط دون اور یہ خدمت میرے کمال اخلاص کی زینت ہو جائے اور یہ بھی امید ہی کہ اس
مکتوب کو بدون قاصد و پیغام اپکے روبرو اپنے ہی ہاتھ سے کھولون اور خود حاضر ہوکے یہ کتاب پیش کر لون

بشکر اللہ خان

ابیات کشودست ہر سطرے از نامہ ام ٭ پرو بال از خویش راہی شدن ٭

بطوف جنابیکہ از خاک آن ؛ توان محرم قبلہ گاہے شدن ؛

الفاظ راہی شدن مسافر ہونا اور بترکیب خویش بمعنی از خود رفتہ ہونا طوف طواف کرنا اور گرد پھرنا یہ فعل مخصوص بہ بیت اللہ ہے کہ گرد کعبے کے طواف کرتے ہین مگر اور مقامات پر بھی تعظیما اور تشبیہاً کو کرتے ہین محرم بالفتح آگاہ و ہمراز قبلہ جسکی طرف متوجہ ہون اور اوسکی طرف منھ کرین یہ کعبی اسی وجہ سے قبلہ کہتے ہین قبلہ گاہی ہین (ی) کبھی زائد ہوتی ہے یعنی قبلہ گاہ اور کبھی متکلم اگرچہ (ی) متکلم مخصوص بلغات عربی ہے فارسی مین استعمال جائز نہین اور جو بعض مقامات فارسی مین مستعمل ہے وہ بغیر سماعت اہل زبان کے صحیح نہین ہے

حاصل میرے خط کی ہر ایک سطر ایسی درگاہ کے طواف کے لیے خواہش مند و از خود رفتہ ہے کہ اوس درگاہ کے خاک کے فیض و برکت سے محرم قبلہ گاہی ہو سکتا ہے اور درگاہ الٰہی کے راز و اسرار اوسپر منکشف ہو سکتی ہین یعنی وہ درگاہ وسیلہ اور ذریعہ قرب جناب باری ہے

کنون خواہد از شوق آن آستان ؛ خم پیچ خطم کج کلاہے شدن ؛

الفاظ خم پیچ خط مراد از شکنہاے پیچیدگی خط کجکلاہ ٹیڑھی ٹوپی مراد سرفراز و مفتخر شوندہ ۔ بادشاہان فارس کا لقب ہے ۔

حاصل آپکے آستانہ بوسی کے شوق مین میرے خط کے خم و پیچ کجکلاہ ہونا چاہتے ہین چونکہ آپکے آستانے پر سر جھکانا و سجدہ کرنا موجب سرفرازی و باعث فخر و اعزاز ہے اور خم پیچ مین حالت سجدے کی بھی پائی جاتی ہے پس بقدر مشابہت کے اوسکو فخر و ناز حاصل ہو تو ہم ساختے

ای نسیم بہارش چو آنجا رسے ؛ سجدہ خواہی شدن ۔

حاصل اے نسیم بہار کی تیزی ابھی یہ حال ہے کہ اگر ایک دم کے لیے بھی وہان پہنچیگی تو سرنگون ہو جائیگی اور سجدے کی صورت بن جائیگی

اندیشہ ریشہ دوانیدہ در زمین تصور بہ کاشت طوبے خارستان اجابت گردید ۔

الفاظ ریشہ بالکسر بمعنای درخت کی باریک جڑین و بمعنی زلف و دستار کے ہین ۔

طوبے نام بہشت درخت کا کہ تمام بہشت مین اوسکی شاخین پھیلی ہوئی ہین خلدستان
بہشت (بستان) واسطے کثرت کے مستعمل ہوتا ہی۔
حاصل میرا اندیشہ جس دعا کے ریشے کو زمین تصور مین بوتا تھا وہ ریشہ خلدستان اجابت کا
طوبی ہو گیا یعنی جو دعا کہ میرے خیال و تصور مین تھی وہ بخوبی درجہ اجابت اور قبولیت کو
پہونچی و تامل ہوا سے تا نیکہ در پردہ نقش داشت کیفیت صبح اقبال بجلوہ رسانید۔
الفاظ تامل یعنی اندیشہ و فکر ہوا خواہش و تمنا۔
حاصل جس تمنا کی ہوا میرا تامل پردہ نقش مین رکھتا تھا اوس ہوا نے کیفیت صبح اقبال کی
حاصل کی یعنی جو خواہش میرے خیال مین پوشیدہ تھی وہ ظہور مین آئی اور ثنا کرنیکا اتفاق آیا
ابیات حسود دشمن گرچہ آئینہ افلاک خواہد شد ❊ بزرگیہاش مثال ہباے خاک خواہد شد
الفاظ حسود دشمن جمع حاسد آئینہ افلاک مراد آفتاب ہے ہباب ہے مثال ہمشکل ہمصورت مانند
حاصل تیرا دشمن اگر سراپا آفتاب بھی ہو جاوے یعنی رفعت و بلندی مرتبہ مین مثل آفتاب کے
ہو جاوے تو بھی اوسکی بزرگیان ہباے خاک کیطرح بتحقیق و ناچیز ہونگی۔ ایک امر
لطیف اسمین یہ ہی کہ آفتاب کی بڑی بزرگی اور صفت اوسکی روشنی اور شعاع ہی جو
اور وہ ہمیشہ زمین پر پڑتی ہی لہذا مصنف نے شکل تنزل اس مثال سے پیدا کی ہی کہ اگرچہ
وہ مثل آفتاب کے ہو مگر اوسکی بزرگیان مثل انوار آفتاب کے مائل بہ پستی رہینگی بیت چو نور
اقبالت کند سامان خورشیدی ❊ مخالف سایہ وار از لوح امکان پاک خواہد شد۔
حاصل جہان تیرے اقبال کا نور خورشیدی کا سامان کرے اور خوب ترقی پر ہو وہان
دشمن اور مخالف مثل سائے کے لوح امکان اور وجود سے پاک اور دور ہو جائیگا یعنی
جیسے آفتاب سے سایہ دور ہو جاتا ہی اسیطرح تیرے اقبال سے دشمن عالم امکان سے دور
ہو جائیگا غرور خیرہ چشمان رخسار لمعہ صفت ❊ مژہ گرد افکند تا سینہ وقف چاک خواہد شد
الفاظ خیرہ چشم شوخ و بیباک لمعہ چمک روشنی مژہ پلک وقف چاک شدن بالکل چاک ہو جانا

ترکیب (غرور خیرہ چشمان) اسم فعل ناقص (در خیال لمعۂ تیغت) ظرف (مژہ گرواکند) شرط اور فاعل اسکا ضمیر راجع بجانب غرور خیرہ چشمان (تا سینہ) متعلق (وقف چاک) خبر (خواہد شد) فعل ناقص یہ جملہ جزا ہی شرط کی۔

حاصل تیری تیغ میں وہ تیزی اور چمک ہی کہ اوسکے دیکھنے سے آنکھہ خیرگی کرتی ہی اور کوئی اوس سے آنکھہ ملا ہی نہیں سکتا اور اگر بالفرض کسی شوخ چشم کا غرور تیری تیغ کی چمک پر خیال اور تصور مین مژہ وا کرے تو اوسکا سینہ تک چاک و دریدہ ہو جائے سینے کی قید اسوجہ سے زیادہ لطف دیتی ہی کہ معدن حرارت اصلی جو کہ باعث حیات ہی اور وہ دو نون عضو رئیس دماغ اور قلب کہ بغیر اونکے حیات انسانی محالات سے ہے یہین تک ہین

در آن محفل کہ بالد نشۂ کیفیت جاہت بہ دماغ سرکشان از سرنگونی تاک خواہد شد

الفاظ نشہ بالیدن نشہ کا بڑہنا اور زیادہ ہونا تاک خوشۂ انگور کو کہتے ہین وہ انگور کی ٹٹی جسپر انگور کی بیل پہیلائی جاتی ہی —

حاصل جس محفل مین تیرے جاہ کی ترقی ہوا وسمین دماغ سرکشون کا سرنگونی کے سبب سے مثل تاک انگور کے ہوگا۔ نشہ و تاک کا لانا خالی مناسبت و لطف سے نہین ہی کیونکہ انگور مائیہ نشہ ہی —

ظہور قدرت حق محرک سلسلۂ خواطر باد —

حاصل قدرت حق کا ظہور زنجیرہاے خواطر کو تیری طرف تحریک دینے والا رہے یعنی جملہ مخلوق تیری مسخر و مطیع رہے

در تنبیہ تصحیح کتاب کہنہ

یہ رقعہ مصنف نے کسیکو کسی کتاب کہنہ کی تصحیح کے بارے مین لکھا ہی اور وہ کتاب بہت پرانی و کہنہ تھی عبرت نگاہا این متن حاشیہ قدیم (کہ تبرکا در کتاب جا نگہداشتہ اند) نہ قابل آنست کہ از رویش نسخہ توان برداشت و نہ شایستہ اینکہ بذوق آن تصحیح بر اوقات توجہ باید گماشت

الفاظ عبرت پند و نصیحت گرفتن — اندیشہ نگاہا یہ الف ندائیہ متن وہ عبارت جسکی شرح

لکھی جاوی حاشیہ قدیم ایک حاشیہ ہی شرح کتاب تجرید کا مصنف اسکا محقق دوانی ہی لیکن متن
حاشیہ قدیم یہ کتاب کہنہ کہ متن ہی حاشیہ زمانہ قدیم کی یہان بکمال مبالغہ مصنف کو منظور ہے
قاعدہ ہی کہ اول متن تصنیف ہو لیتا ہی تب اوسپر حاشیہ لکھا جاتا ہی پس مصنف اوس کتاب کے
کہنگی اور قدامت بیان کرتا ہی کہ یہ متن کہنہ حاشیہ قدیم کا ہی یعنی قدیم زمانے سے بھی یہ پرانا اور قدیم ہی
اور زمانہ قدیم اسکا حاشیہ ہی نسخہ نتوان برداشت یعنی نقل نمیتوان کرد تضییع براوقات توجہ
باید گماشت اوقات توجہ خودرا ضائع نتوان ساخت تضییع بیکار و رائگان کردن —

حاصل ای عبرت نگاہ یہ کتاب جسے آپنے تبرکاً اپنے کتب خانے مین محفوظ رکھی ہی نہ تو قابل اسکے ہی
